گورنر *KATHY HOCHUL*

فوری ریلیز کے لیے: 2023/28/3

سوشل ایکویٹی بھنگ سٹورز پر عائد پابندیاں اٹھانے کے سیکنڈ سرکٹ فیصلے پر گورنر HOCHUL کا بیان

"نیویارک کی بالکل نئی بھنگ کی صنعت سماجی مساوات کو فروغ دینے اور ماضی کی غلطیوں کو درست کرنے کی جانب اہم پیش رفتیں کر رہی ہے، جس سے پورے ملک کی سب سے زیادہ منصفانہ اور محفوظ ترین مارکیٹ تشکیل پا رہی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ایک وفاقی اپیلیٹ عدالت نے *Variscite NY One, Inc.* *بقابلہ* *Office of Cannabis Management, et al* *والے معاملے میں* ریاست نیویارک کے حق میں حکم امتناع کو محدود کر دیا ہے۔ اس فیصلے سے نیویارک کے سوشل ایکویٹی انٹرپرینیورز کو مرکزی نیویارک، مغربی نیو یارک، مڈ ہڈسن ریجن اور بروکلین میں محفوظ، اور قانون کے تحت چلنے والی منظم بھنگ ڈسپنسریاں کھولنے کی اجازت ملے گی۔ یہ پہلی بار ہو رہا ہے کہ ریاست کے تقریباً ہر ریجن میں نیویارک باسیوں کو محفوظ، اعلی معیار کی حامل، بالغ افراد کے استعمال والی بھنگ کی مصنوعات تک رسائی حاصل ہوگی۔ میں یہ امر یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہوں کہ نیویارک بھنگ کی مارکیٹ کے تناظر میں اپنے محفوظ اور منصفانہ نقطہ نظر کے ساتھ پوری قوم کی قیادت کرنا جاری رکھے گا۔ "

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں